گھرانوں کے لیئے تجاویز کی شیٹ

رازداری، نگرانی اور اپنے بارے میں معلومات فراہم کرنا

آن لائن رازداری رکھنا ایک مشکل عمل ہے۔ ہم جو بھی معلومات ڈیجیٹل طریقے سے ڈالتے ہیں وہ ان لوگوں کی نظروں سے بھی گزر سکتی ہیں جنہیں ہم وہ معلومات دکھانے کا ارادہ نہیں رکھتے، اب چاہے اس کی وجہ پرائیوسی سیٹنگ کا انتخاب کرتے ہوئے کوئی چیز بھول جانا، آن لائن ڈیٹا "محفوظ" رکھنے کے عمل میں خرابی پیدا ہو جانا، اپنا پاس ورڈ کسی کو دے دینا جس کے ذریعے دوسرے آپ کا اکاؤنٹ دیکھ سکتے ہیں یا پھر کسی دوست کی نظر آپ کے ذاتی ٹیکسٹ میسمیجز پر پڑ جانا، ہو سکتی ہے۔ اپنے بچوں کو سمجھائیں کہ وہ اپنی رازدارانہ معلومات کو راز میں رکھنے کے سلسلے میں چوکنا رہیں۔

- **اس بات کو اچھی طرح سے سمجھائیں کہ ڈیجیٹل معلومات عام لوگوں کی پہنچ میں آسکتی ہیں۔**

آن لائن ڈالی گئی یا ڈیجیٹل طریقے سے بانٹی گئ معلومات (کوئی تصویر، اپنے بارے میں تازہ کی گئ معلومات، کوئی ٹیکسٹ میسج) تلاش کی جاسکتی ہیں، با آسانی کاپی کی جاسکتی ہیں اور اکثر مستقل رہتی ہیں۔ اگر آپ کے بچے سخت رازداری والی سیٹنگ کا انتخاب بھی کرتے ہیں، تب بھی ایسا ہو سکتا ہے کہ کوئی دوست اس چیز کی نقل کر کے کہیں اور ڈال دے، تصویر لے لے، محفوظ کر لے یا پھر کچھ ایسا آگے بڑھا دے جو آپ کا بچہ وسیع پیمانے پر نہ بانٹنا چاہ رہا ہو۔ یا کوئی شوقین انسان ان کی سکرین سے کوئی چھوٹی سی جھلک بھی چرا سکتا ہے اور ان کے ذاتی میسیجز بھی پڑھ سکتا ہے۔

دوستوں کے ساتھ پاس ورڈ بانٹنے سے، جو کہ عام طور سے غیرارادی طور پر کیا جاتا ہے، رازداری سے متعلق سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اور اس سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے یہ جانتے ہیں کہ یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ سوچ سمجھ کر رازداری کی سیٹنگ ترتیب دیں اور پاس ورڈ خود تک محدود رکھیں- مگر انہیں یہ بھی یاد دلاتے رہیں کہ ڈیجیٹل طریقے سے بانٹی جانے والی چیزیں وہ لوگ بھی دیکھ سکتے ہیں جنہیں آپ یہ سب دکھانے کا ارادہ نہ رکھتے ۔

- **سوشل میڈیا کے تمام اکاؤنٹس پر ایک ساتھ مل کر رازداری کی سیٹنگ ترتیب دیں۔**

روزمرہ کے معمول میں، آپ اور آپ کے بچے عام طور سے مختلف ایپس اور سائٹس استعمال کرتے ہیں۔ مل کر، یہ تلاش کریں کہ رازداری کی سیٹنگز اور رازداری کی پالیسیاں کس طرح سے مختلف ہیں۔ اس بارے میں بات چیت کریں کہ کس طرح سے کمپنیاں اپنے ممبروں کی ذاتی معلومات کا استعمال کرتے ہیں اور اپنے بچوں پر زور ڈالیں کہ وہ ذمہ دارانہ رویہ اختیار کریں اور رازدارانہ سیٹنگ ترتیب دیتے ہوئے "صرف دوستوں" کو اپنی معلومات دیکھنے کی اجازت دیں۔ بہت سے سوشل میڈیا "پبلک" سیٹنگ کا انتخاب نہیں کرنے دیتے — ان پر رازداری ترتیب دینا لازمی ہوتا ہے۔ اور بہت سی سائٹس پر بار بار اپنی معلومات تازہ کرنا ضروری ہوتا ہے، جس کی وجہ سے تمام سیٹنگز دوبارہ کرنی پڑتی ہیں۔ نا صرف یہ کہ ان چیزوں کی وجہ سے آپ اور آپ کے بچے محفوظ رہتے ہیں، بلکہ آپ کو اس بات کا اندازہ لگانے کا موقع بھی مل جاتا ہے کہ آپ کے بچے ڈیجیٹل دنیا میں کیوں اور کس طرح سے حصہ لے رہے ہیں۔

- **صبر سے کام لیں اور تمام فیچرز کو تسلی سے سمجھیں۔**

جبکہ کمپنیوں کی رازداری کی سیٹنگز اور رازداری کی پالیسیاں سمجھنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا، ان کے بارے میں تسلی سے جانیں۔ اپنا "سوشل سائن ان" استعمال کرنے میں احتیاط برتیں (جیسے اپنے فیس بک یا ٹوئیٹر کے اکاؤنٹس کا سائن ان کسی اور سائٹ پر استعمال کرنا)، کیونکہ اس طرح سے تیسری پارٹی آپ کے اکاؤنٹس سے ڈیٹا اکھٹا کر سکتی ہے۔ ہر طرح اور ہر قسم کی معلومات کے لیئے رازداری کی سیٹنگز ترتیب دیں — ذاتی معلومات، پوسٹس ، تبصرے اور تصویریں۔ اور ہر الگ فیچر کے بارے میں جانیں، جیسے ٹیگنگ اور بلاکنگ، تاکہ آن لائن ہوتے وقت ہر چیز آپ کے اور آپ کے بچے کے اختیار میں رہے۔ آپ کے بچوں کو اسکول کی طرف سے ملنے والی ڈیوائسیز پر ان کے پاس اس مشین میں ڈالے جانے والے تمام مواد کی نگرانی کرنے کا حق — اور ذمہ داری ہو گی۔ اپنے بچوں کو یہ بتائیں کہ وہ یہ فرض نہ کریں کہ ان کی ڈیجیٹل زندگی آپ سے یا کسی اور سے چھپی ہوئی ہے۔